سوال

(336) کیا عشر خوردنی اجناس سے ادا کیا جائے گا یا دیگر سے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عشر صرف خوردنی اجناس (از قسم گندم۔ جو۔ مکی۔ باجرہ۔ چاول) سے ادا کیا جائے گا یا دیگر سے بھی؟ (محمد ہاشم شاہ قریشی۔ جیل روڈ۔ لاہور) (یکم ستمبر ۲۰۰۰ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہر وہ چیز جس میں غذائیت اور ذخیرہ ہونے کی صلاحیت ہو، اس میں عشر (دسواں حصہ) واجب ہے۔ مذکورہ اجناس اسی قسم سے ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 297

محدث فتویٰ